۔ضمیمہ جات (اگر موجود ہوں)

۔فہرستِ کتابیات

☆ تحقیق کے ابتدائی صفحات (جن میں عنوان کا صفحہ بھی شامل ہے) کے نمبر شمار ''حروفِ ابجد'' میں لکھے جائیں گے اور باقی صفحات (مقدمہ کی ابتداء سے تحقیق کے اختتام تک) ہندسوں میں لکھے جائیں گے۔

☆کتاب یا مقالہ کے متن کے صفحات نمبر صفحے کے اوپر دائیں، بائیں یا وسط میں ہونے چاہئیں۔اس لیے کہ حوالہ دیکھنے والا پہلے صفحہ نمبر دیکھتا ہے، پھر نیچے عبارت میں اپنا مطلوب تلاش کرتا ہے۔اگر صفحات نمبر نیچے لکھے ہوں تو اسے طبیعت کے بر خلاف نظر کو نیچے سے اوپر لے جانا پڑے گا۔ہاں! جب صفحے کے اوپر والے حصے میں عنوان یا اعداد یا اور ایسی کوئی چیز ہو جس کی وجہ سے صفحہ نمبر وہاں لکھنا مناسب نہ ہو تو ایسے موقع پر اسے صفحے کے نچلے حصے میں منتقل کر دینا چاہیے۔اس میں بھی موزونیت نہ پائی جائے تو صفحہ نمبر لکھے بغیر شمار کیا جائے گا۔

☆اگر کتاب متعدد رسائل کا مجموعہ ہو اور کتاب اور رسائل کے صفحات کو الگ الگ ظاہر کرنا مقصود ہو تو کتاب کے صفحات حسبِ معمول صفحے کے اوپر اور رسالے کے صفحات نیچے اور چھوٹے خط میں لکھے جاتے ہیں۔

☆ہر فصل کی ابتدا میں ایک مستقل صفحہ پر فصل کا عنوان اور اس کے ذیلی عنوانات درج کرنے چاہئیں۔

اختتامی ہدایات:

☆ …طالب علم کو چاہیے کہ مقالہ شروع کرنے سے پہلے موضوع سے متعلق مختلف پہلوئوں پر چھوٹے چھوٹے تحقیقی مضامین لکھتا رہے۔استاد کی نگرانی اور ہدایات کے تحت لکھے گئے ان تحقیقی مضامین کی

www.alghanipublisher.com